15/04/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ جمونکشمیر میں صنعتی ترقی کو یقینی بنانے سے آتمہ نر بھر جموں کشمیرکے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں بھی مدد مل رہی ہے۔

کھٹوعہ میں ایک مینوفیکچرنگ یونٹ کا افتتاح کرنے کے بعد انہوں نے کہاکہ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کی قیادت میں جموں کشمیر کے صنعتی سیکٹر کو دوام حاصل ہو رہا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی نے وقف ترمیمی قانو ن کو چیلنج کرنے کے لئے سپریم کورٹ میں ایک عرضداشت داخل کی ہے ۔

وہ کل نئی دلی میں انڈین چیمبر آف کامرس کی طرف سے سیاحت سے متعلق منعقد کردہ ایک خصوصی سیشن کے حاشئے پر نامہ نگاروں سے بات کر رہے تھے ۔

ٹنگمرگ فاروق احمد شاہ بھی تھے۔ MLAان کے ہمراہ صلاحکار ناصر اسلم وانی اور

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے کہا ہے کہ سرکار عوامی شکایات اور مسائل کی چارہ جوئی کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ وہ جموں کے لام نوشہرہ میں ایک عوامی دربار میں بول رہے تھے ، جس دوران انہوننے تمام جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پرحل کرنے کا یقین دلایا۔

نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ عمر عبداللہ کی زیر قیادت جموں کشمیر سرکار عوامی بہبودی اور بہتر حکمرانی کے تئیں کمر بستہ ہے ۔ انہوں نے نو شہرہ کے راستے کالا کوٹ سے جموں تک بس سروس کو بھی ہر جھنڈی دکھائی ۔

درخشاں اندرابی

کی سینئر لیڈر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے BJP
کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے بابا صاحب بھیم راو امبیڈ کر کی وراثت کو بحال کیا ہے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ فوٹو شوٹ کے لئے آئین ہاتھ میں لینا ضروری
نہیں ہے بلکہ ضروری یہ ہے کہ آئین کی اصل روح کو زندہ رکھا جائے ۔

ایل جی ملاقات

ریاسی کے رکن اسمبلی کلدیپ راج
دو

بے نے راج بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کر کے ان کے ساتھ اپنے ¾
حلقہ انتخاب سے جُڑے کئی ترقیاتی اور عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

دریں اثناءآل سکھ مائنارٹی ایمپلائیز ایسو سی ایشن اور آل ایمپلائیز جوائنٹ ایسو سی ایشن
جموں کشمیر کی چیر پرسن جگمیت کور بالی نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کر کے ان سے
کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

ہفتہ فائر سروسز

جموں کشمیر بھر میں آج کل ہفتہ فائر سروسز کی مناسبت سے مختلف سطحوں پر جانکاری
پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔ کل فائر سروسز ڈے کے موقعہ پر ان اہلکاروں کی بہادری اور
قربانیوں کو یاد کیا گیا، جنہوںنے آگ بجھانے کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔

فائر سروسز ہفتے کے پہلے روز گاندھی نگر جموں میں محکمے کے ہیڈ کوارٹر پر ایک تقریب
Alok منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز جموں کشمیرکے ڈائریکٹر
نے ہفتہ فائر سروسز کے سلسلے میں سرگرمیوں کا ایک خاکہ جاری کیا ۔ Kumar

ہفتہ فائر سروس کے بارے میں فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز جموں کشمیرکے اسسٹنٹ ڈائریکٹر
انجینئر عاقب حسین میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

ٹولپ

سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ مینان دنوں سیلانیونکی جوق در جوق آمد کا سلسلہ جاری ہے ۔ کل بیسویں روز48 ہزار 820 سیلانیوں نے ایشیا کے اس سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کی سیرکی ۔

اس طرح اس سال باغ کے کھولے جانے سے کل شام تک مجموعی طور پر 6 لاکھ71 ہزار سے زیادہ سیاح ٹولپ گارڈن کا نظارہ کر چکے ہےں ۔

ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

سافٹ بال چمپئین شپ

نذیر احمد خان (گریزی) نے بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں دسویں انٹر زونل نیشنل MLA گریز کے سافٹ بال چمپئین شپ کا افتتاح کیا ۔ تین روز تک جاری رہنے والی اس چمپئین شپ میں کھلاڑیوں کے مابین زبردست مقابلہ آرائی ہو گی ۔

چمپئین شپ میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹ حصہ لے رہے ہیں جن کے لئے سافٹ بال ایسو سی ایشن نے مناسب انتظامات کئے ۔ J&K جموں کشمیر سپورٹس کونسل اور

مغل روڑ

کشمیر وادی کو جموں ڈویژن سے شوپیان پونچھ راستے سے ملانے والا تاریخی مغل روڑ کو جزوی طور پر ٹریفک کے لئے بحال کیا گیا ہے ۔

کے کمانڈنگ آفیسر نے ڈپٹی کمشنر پونچھ کو مطلع کیا ہے کہ مغل روڑ GREF اس سلسلے میں پر صبح دس بجے سے سہ پہر تین بجے تک یکطرفہ گاڑیاں چلائی جا سکتی ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 5ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ